سوال نمبر 1677

منجانب: محترم احمد کنڈی صاحب، رکن صوبائی اسمبلی، خیبر پختونخواہ۔

| نمبر شمار | سوال نمبر 1677 | جواب / تفصیل |
|---|---|---|
| (الف) | کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ آیا یہ درست ہے کہ محکمہ بلدیات محرم الحرام کے دوران مخصوص اضلاع میں خصوصی فنڈ / گرانٹ کا اجراء کرتا ہے؟ | جی ہاں یہ درست ہے کہ محکمہ بلدیات کو محکمہ خزانہ کی طرف سے محرم الحرام کے دوران مخصوص اضلاع میں خصوصی فنڈ / گرانٹ کا اجراء ہوتا ہے۔ |
| (ب) | اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو:۔ | |
| (i) | ان فنڈز / گرانٹ کو عموماً کن اغراض و مقاصد کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ ان فنڈز کی تقسیم اور نگرانی کا طریقہ کار کیا ہے؟ | اس ضمن میں تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشنز ڈیرہ اسماعیل خان اور پہاڑ پور سے موصول شدہ تفصیلات کے مطابق مذکورہ فنڈز محرم الحرام کے انتظامات بشمول لائٹنگ بمعہ جنریٹر، امام بارگاہوں میں ٹینٹ وغیرہ کی فراہمی، صفائی، ٹھنڈا پانی بمعہ برف، جلوس کے روٹس کی ریپئرنگ, لیولنگ ڈریسنگ, وریت کی بچھائی، کوٹلی امام قبرستان سے جھاڑیوں کی صفائی، مضافاتی تھلاجات کے جلوسوں کے راستوں سے جھاڑیوں وغیرہ کی تلفی، کنکریٹ سلیب تیار کر کے ان سلیب کو جلوس کے راستے میں آنے والی سیوریج ڈرینز پر رکھ کر ڈھانپا جاتا ہے<br>اس کے علاوہ عاشور محرم کے دوران پولیس ڈیپارٹمنٹ، ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن اور دوسری قانون نافذ کرنے والے اداروں پر مشتمل محرم کنٹرول روم بنایا جاتا ہے۔ اس کنٹرول روم کی ہدایات پر ہر قسم کے انتظامات کی ذمہ داری مندرجہ بالا ٹی ایم ایز کی ہوتی ہیں۔ ان تمام امور کے انتظامات ٹی ایم اوز اور ڈسٹرکٹ انتظامیہ کی زیر نگرانی کئے جاتے ہیں۔ مزید یہ کہ وہ تمام کام جس پر فنڈز کا خرچ ہوتا ہے ان کے لئے باقاعدہ ٹینڈر، کوٹیشن طلب کی جاتی ہیں۔ اور مروجہ قوانین کی مکمل پاسداری کی جاتی ہے۔ |
| (ii) | سال 2024-25 اور سال 2025-26 میں ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کی تین تحصیلوں بشمول تحصیل ڈیرہ اسماعیل خان، تحصیل پہاڑ پور اور تحصیل پروا کیلئے کتنا فنڈ / گرانٹ منظور ہوئی ہے؟ اور کن مدوں میں خرچ ہوئی ہیں؟ تحصیل وار تفصیل مہیا کی جائیں۔ | اس ضمن میں ٹی ایم اے ڈیرہ اسماعیل خان کو سال 2024-25 محرم الحرام کے سلسلے میں مبلغ 02 کروڑ اسی لاکھ روپے اور برائے سال 2025-26 میں مبلغ 02 کروڑ پینتیس لاکھ روپے موصول ہوئے ہیں۔<br>ٹی ایم اے، پہاڑ پور کو سال 2024-25 محرم الحرام کے سلسلے میں مبلغ 70 لاکھ روپے جبکہ برائے سال 2025-26 میں مبلغ 01 کروڑ 34 لاکھ روپے موصول ہوئے ہیں۔ اور یہ فنڈز / گرانٹ مذکورہ بالا مدوں میں خرچ کیے گئے ہیں۔ باقی ٹی ایم اے پروا سے موصول شدہ تفصیلات کے مطابق ٹی ایم اے ہذا کو اس حوالے سے کوئی فنڈ موصول نہیں ہوا ہے۔ |

سیکرٹری

لوکل کونسل بورڈ، خیبر پختونخواہ